CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat



شمس العارفین

تصنیف لطیف

حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ

بکوشش

ڈاکٹر سلطان الطاف علی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تصور کے لیے اسم اللہ ذات

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

شمس العارفین

تصنیف لطیف حضرت سلطان العارفین سلطان باھو (رح)

بکوشش

ڈاکٹر سلطان الطاف علی

باھو پبلیکیشنز

لاہور، حضرت سلطان باھو (رح)، کوئٹہ

نشیمن غوثیہ کریم پارک راوی روڈ لاہور، حضرت سلطان باھو جھنگ، حق باھو ہاؤس کیچی بیگ کوئٹہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

SULTAN-UL-ARFIN SULTAN BAHU

SHAMS-UL-ARFIN

RESEARCH,EDITING,TRANSLATION

DR.PROF.SULTAN ALTAF ALI

1-TASAWOF

ISBN:978-969-9039-10-2

جملہ حقوق محفوظ ہیں

جنوری ۲۰۱۰

ٹائیٹل: محسن سلطان

سلطان محمد مشتاق سالم نے

قاسم پرنٹرز سے چھپوا کر شائع کیا۔

قیمت: ۱۵۰ روپے

BAHU PUBLICATIONS

LAHORE,HAZRAT SULTAN BAHU,QUETTA

03004205177-03007944108-03009386739

ALSO AVAILABLE AT

ANWAR-E-BAHU COLLECTION RAILWAY ROAD

BHAKKAR-03467872592-0453514092

E-MAIL:sultanmushtaq@yahoo.com

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فہرست

		عنوانات	صفحات
٥	بنظر تحقیق	کار تحقیقی، خلاصۂ مطالب رسالہ، مرتبین پر تحقیق، تدوین وترجمہ	۴
۱۔	آغاز کتاب		۱۶
۲۔	باب اوّل	فضائل کتاب	۱۸
۳۔	باب دوم	ذکر	۳۰
۴۔	باب سوم	مراقبہ	۷۴
۵۔	باب چہارم	فنافی الشیخ، فنافی اسم محمد ﷺ وفنافی اللہ	۹۰
۶۔	باب پنجم	مجلس محمدی ﷺ	۱۰۰
۷۔	باب ششم	دعوت قبور	۱۱۲
۸۔	باب ہفتم	متفرقات	۱۳۴
۹۔		تصور وعمل کے لئے نقوش	۱۵۰
		اسماء شریفین (نقش اوّل)	۱۵۰
		جہان اسم اللہ (نقش دوم)	۱۵۰
		دائرہ دماغ (نقش سوم)	۱۵۱
		دائرہ مقامات (نقش چہارم)	۱۵۲
		مقام تاج الانبیاء واولیاء (نقش پنجم)	۱۵۱
		عرفان بالیقین (نقش ششم)	۱۵۳
		چہار اسماء (نقش ہفتم)	۱۵۳
		حاضرات کنہ کلمہ طیبات (نقش ہشتم)	۱۵۴
		روضہ مبارک (نقش نہم)	۱۵۴

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بنظر تحقیق

حضرت سلطان العارفین سلطان باھو قدس اللہ سرہٗ العزیز کے کلام کا جس قدر غور سے مطالعہ کیا جائے تو یہی اخذ ہوتا ہے کہ انہوں نے قرآنِ حکیم کی ہی تفسیر پیش کی ہے یا قرآن کی روشنی میں ہی ارشاد و ھدایت پیش کی ہے۔ بلکہ وہ خود فرماتے ہیں کہ یہ کلام الہامی ہے اور اس حد تک بتایا کہ اس کلام کو بندہ کی زبان نہ سمجھو، یہ اگر میرا اقال ہے تو میرے حال کے عین مطابق ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ان کا تمام نثری کلام قرآنِ حکیم کی طرح ایک تسلسل اور بہاؤ میں نظر آتا ہے ایک بات سے دوسری بات اور پھر نئے نکات ایک روشنی سے دوسری روشنی کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ البتہ سب کا مرکز خیال ایک ہی رہتا ہے۔ ہر کتاب میں عنوانات کے بغیر مضامین غزلِ مسلسل کی طرح ہیں۔ ھدایت و عبرت کی باتیں ہیں۔ انداز خطیبانہ ہے تحریری یا تقریری نہیں۔ انداز و اسلوب میں ایجاز و جامعیت ہے۔ آپ کے ہاں اصل موضوع اصلاح انسانی و اُخروی زندگی ہے جو قرآن کا مقصود ہے اور انسان کو کیا کرنا چاہیئے۔ یہ کلام قرآن کی اگر تفسیر ہے تو تصوف کی صنف میں ہے۔ سالک کی فکری سرگرمیوں کو مثبت اور بامعنی جہت عطا کرتے ہیں۔ وہ زیادہ تر دین کی اساس پر بات کرتے ہیں یعنی وحدانیت، رسالت، معاد اور مکارم اخلاق۔ فقہی معاملات پر زیادہ نہیں کہتے۔ آپ نے اعلیٰ فنی و تحقیقی موضوعات فقہ کو موجب اختلاف بھی نہیں بنایا کیونکہ ان معاملات کا دعوت دین سے تعلق نہیں ہوتا اور ان کی تحقیق پر ہر ایک کو اختیار ہوتا ہے۔ حضرت قدس سرہٗ وحدانیت، رسالت، معاد و مکارم اخلاق کے لئے قرآنِ حکیم کے ان ارشادات پر ہی کاربند نظر آتے ہیں کہ:
نیکی یہی نہیں ہے کہ تم اپنے چہرے مشرق کی طرف یا مغرب کی طرف کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی ایمان لائے اللہ پر، روز آخرت پر، فرشتوں پر، اللہ کی کتاب پر اور پیغمبروں پر اور دے مال اس کی محبت میں رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور مانگنے والوں کو اور گردنیں چھڑانیں میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قائم کرے نماز اور دے زکوٰۃ اور پورا کریں اپنے عہد کو جب عہد کر لیں اور تنگدستی میں ثابت قدم رہیں اور جسمانی تکلیف میں اور جنگ کے وقت، یہی لوگ ہیں راستباز اور یہی لوگ ہیں متقی (۲:۱۷۷)۔

رسالہ شمس العارفین ایسے ہی متقی اور سالکین راہِ خدا کے لئے ایک توشۂ انتخاب ہے۔ حضرت قدس سرہٗ بالعموم انسان کو نفس کی خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے اور سیر الی اللہ یا حرکت بسوئے خدا کے لئے متوجہ کرتے رہے ہیں تاکہ خوف خدا اور اتقا کا مادہ انسان میں قائم ہو جائے اور وہ دین اسلام پر صدق و صفا سے گامزن رہا جائے۔ سیر الی اللہ کے لئے آپ نے دو طریقوں یا دو اذکار یا دو نصیحتوں پر اپنے کلام میں بہت زور دیا ہے اور شمس العارفین میں بھی زیادہ تر ان ہی اذکار سے متعلق اقتباسات پیش ہوئے ہیں۔ ایک عمل ذکر اکسیر یا تصور اسم اللہ کا ہے دوسرا عمل ذکر تکسیر یا دعوتِ قبور کا ہے۔ ان دونوں اعمال و اذکار سے مقامات وجود و شہود سالک پر مرتب ہوتے ہیں وہ فنافی اللہ اور بقاباللہ کے روحانی افق پر دونوں جہان و کائنات کی ہر شئے مسخر نہیں کرتا بلکہ مقام لایحتاج حاصل کر کے علامہ اقبال کے مصداق ۔ یزدان بکمند آور ای ہمت مردانہ یعنی اپنی ہمت کی ڈور کو اس قادر مطلق کے قرب و وصول پر ڈال لیتا ہے۔

اس ضمن میں ایک انتباہ بہت ضروری ہے کہ بعض مبتدی اور رہروان سلوک تصوّر اسم اللہ میں محو ہو جانے کی جیسے قسم اٹھائے ہوئے ہوں مگر یہ خیال نہیں کرتے کہ وہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے احکامات پر کیا پورا اتر رہے ہیں۔ طہارت، پاکیزگی باطن و نفس، نماز کی پابندی کا وہ کس قدر خیال اور اہتمام کرتے ہیں، اپنے گھر اور عزیز و اقربا کے حقوق کو وہ کس حد تک پورا کر رہے ہیں۔ لین دین میں صاف و شفاف ہیں۔ ہمسائیوں اور مساکین کا وہ کس حد تک خیال کئے ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوازمات اور دیگر معاملات درست ہیں تو پھر وہ عبادت و ریاضت و کشف کے میدان میں بیشک آ جائیں۔ اب اللہ اور اس کے رسول ﷺ اس پر قرب و معیت و حضوری کے لئے امید ہے کہ رحم و محبت کی نگاہ ڈال دیں کیونکہ بقول حضرت قدس سرہٗ شوق و ذوق کے ساتھ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دردوسوز وگریہ ودعائے مسلسل مطلوب ہوتی ہے:

؎ اوہ بے پرواہ درگاہ ہے باھواو تھے رورو حاصل بھریئے ھو

مقصد یہ ہے کہ راہِ سلوک میں نفس، انانیت، تکبر وغرور کو مکمل ختم کر کے عجز وانکساری، صدق وصفا کے ساتھ قدم رکھا جائے تو حصول ووصول کے امکانات روشن ہوتے ہیں۔ حضرت قدس سرہٗ نے سرِ الی اللہ کے لئے انسانی جسم کو پہلے نفس وشیاطین سے پاک ومطہر رکھنے کو لازم قرار دیا اور پھر اس جسم میں اسمائے الٰہی، اسم محمد ﷺ اور کلمہ طیّب وفقر کے نقوش سجانے کا اہتمام کیا ہے تا کہ اس پاک وصاف گھر کے حجرہ میں خدا اور رسول مکرم ﷺ کی آمد، قیام وانعام کے لئے ماحول درست ہو جائے۔ وہ انسانی جسم کو رب تعالیٰ کا ہی حجرہ اور انسانی قلب کو اسی کی ورودگاہ قرار دیتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے سالک کو سہولت، انتظام وانصرام کے لئے مختلف خاکے، زاویے اور نقش متعین کر کے فراہم کرتے ہیں تا کہ ان وسائل کو تصور میں لا کر مطلوبہ تصرف کی یافت کی جائے کیونکہ مادہ کے تصور کی جگہ اب مکمل طور پر تصور وجود نے لے لی ہے جو صوفیائے کرام کا عظیم فکری کارنامہ ہے۔ یہاں پر ہی عینیت کا پراسرار لمس زندگی کو حقیقت سے آشنا کرتا ہے اور اسے قائم رکھتا ہے اور اسی کے ذریعہ عین کی یافت اور تصدیق ممکن ہے۔ یہاں فکر کا عمل لازمی طور پر اپنی نوعیت میں اشاراتی ہے۔ زندگی کی اصل فطرت کو اوجھل کر دیتا ہے اور اسے ایک خاص قسم کے ایسے عالمگیر بہاؤ میں دکھاتا ہے جو تمام اشیاء میں موجود ہے اور بالخصوص وجود انسانی میں کارفرما ہے۔ یہاں زندگی کا فکری منظرنامہ لازمی طور پر وحدت الوجودی کہا جا سکتا ہے۔

ا۔ رسالہ میں پیش کئے گئے نقش وجودی کے خاکے ظاہراً منطقی فہم کے عائد کردہ ہیں مگر باطن میں روحانیت سے آراستہ ہیں۔ دعوت ودعا جو پیش کی جاتی ہے اُس کا مقصد ایک تلاش بھی ہے اور تفکر بھی جو ہر سنجیدہ صاحب سلوک کا طریق عمل ہے۔ اسلام میں تصوف کا وظیفہ یہ رہا ہے کہ وہ صوفیانہ تجربہ کو ایک نظم وترتیب میں لائے۔ ابن خلدون (۱۳۳۲ء۔۱۴۰۶ء) نے تو اس طرف مکمل سائنسی انداز میں توجہ مبذول کی ہے۔ مذہبی زندگی کی تقسیم تین ادوار میں ہو سکتی ہے ان کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اعتقاد، فکر اور کشف کے گرد سمجھا جا سکتا ہے۔ تیسرے دور میں مابعد الطبیعات کی جگہ نفسیات لے لیتی ہے اور مذہبی زندگی میں یہ امنگ پرورش پاتی ہے کہ وہ حقیقت مطالعہ سے براہ راست شاد کام ہو۔ یہاں آکر مذہب زندگی اور قوت کی ذاتی سطح پر انجذاب کا معاملہ بن جاتا ہے جس سے فرد کی اپنی شخصیت نکھرتی ہے۔ قانون کی اساس اپنے شعور کی گہرائیوں میں تلاش کرنے کی بنا پر علامہ اقبال کہتے ہیں کہ قرآن پاک اُس وقت تک سمجھنا ممکن نہیں جب تک کہ وہ ایمان لانے والے پر اس طرح نازل نہ ہو جس طرح کہ نبی پاک ﷺ پر نازل ہوا تھا، یعنی:

ے تیرے ضمیر پر جب تک نہ ہو نزول کتاب — گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف

حضرت قدس سرہٗ نے بالکل ہی ایسے فلسفہ کی رہنمائی کی ہے۔ مذہب کا اعلیٰ تصور جو زندگی کی وسعتوں کا متلاشی ہے لازمی طور پر ایک تجربہ ہے جسے حضرت قدس سرہٗ عمل میں لاکر پیش کرتے ہیں۔ تاریخی طور پر یہ اعلیٰ تصور سائنس سے بھی پہلے اسے اپنی لازمی بنیاد کی حیثیت سے تسلیم کرلیا گیا تھا۔ مذہب لازمی طور پر ایک طریق زندگی ہے حقیقت تک پہنچنے کا سنجیدہ انداز ہے ایک اعلیٰ تجربہ کی حیثیت سے وہ ہماری فلسفیانہ الٰہیات کے تصورات کی صحبت کا ضامن ہے۔ شیخ احمد سرہندیؒ کے سامنے ایک شخص عبدالمومن کا تجربہ یوں بیان کیا گیا:

’’مجھے یوں لگتا ہے جیسے آسمان اور زمین اور خدا کا عرش، دوزخ اور جنت میرے لئے تمام ختم ہو چکے ہیں۔ جب میں اپنے گرد دیکھتا ہوں تو انہیں کہیں موجود نہیں پاتا۔ جب میں کسی کے سامنے کھڑا ہوتا ہوں تو میں دیکھتا ہوں کہ میرے سامنے کوئی بھی موجود نہیں۔ یہاں تک کہ خود مجھے اپنا وجود گم نظر آتا ہے۔ خدا لامتناھی ہے کوئی شخص اس کا احاطہ نہیں کرسکتا۔ اور یہ روحانی تجربے کی آخری حد ہے۔ کوئی بھی ولی اس حد سے آگے نہیں جاسکا‘‘۔

حضرت شیخ سرہندی (مجدد الف ثانیؒ) نے اس کا یوں جواب دیا کہ:

’’یہ تجربہ جو بیان کیا گیا ہے اس کا ماخذ ہر لحظہ اپنی حالت بدلتا ہوا قلب ہے۔ مجھے یوں نظر آتا ہے کہ تجربے کا حامل قلب کے لاتعداد مقامات میں سے ابھی تک ایک چوتھائی بھی عبور نہیں کرسکا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

روحانی زندگی کے محض پہلے مقام کو پانے کے لئے باقی تین چوتھائی منازل بھی طے کرنا ضروری ہیں۔اس مقام سے پرے اور مقامات بھی موجود ہیں جو روح، سر خفی، سر اخفی کے نام سے معروف ہیں۔ان میں سے تمام مقامات، جنہیں مجموعی طور پر عالم امر کہتے ہیں کے اپنے اپنے مخصوص احوال اور واردات ہیں۔ان مقامات سے گزرنے کے بعد سچائی کا طالب بتدریج خدا کے اسماء حسنیٰ اور صفات الٰہی سے منور ہوتا ہے اور بالآخر باری تعالیٰ کے نور سے فیضیاب ہوتا ہے"۔

(بشکریہ تجدید فکریات اسلام۔اقبال ص ۲۸۔۲۲۷)

آپ غور کریں روح، سر خفی اور سر اخفیٰ دراصل وہ توانائی ہے جو عالم امر میں ہے،ہمیں صوفیاء نے ان توانائیوں کو حاصل کرنے کے لئے راہ عمل بتایا ہے جس پر حضرت قدس سرہٗ نے بالخصوص زور دیا ہے۔علامہ اقبال نے اسی امر پر گفتگو کی ہے:

زندہٗ یا مردہٗ یا جان بلب　　از سہ شاہد کن شہادت را طلب
شاہد اوّل شعور خویشتن　　خویش را دیدن بنور خویشتن
شاہد ثانی شعور دیگری　　خویش را دیدن بنور دیگری
شاہد ثالث شعور ذات حق　　خویش را دیدن بنور ذات حق
پیش این نور اربمانی استوار　　حیی و قایم چون خدا خود را شمار
بر مقام خود رسیدن زندگی ست　　ذات را بی پردہ دیدن زندگی ست
مرد مومن در نسازد با صفات　　مصطفیٰ راضی نشد الّا بذات

"تو زندہ ہے یا مردہ ہے یا تیرے سانس لبوں پر ہیں، ہر حال میں تو تین گواہوں سے شہادت طلب کر لے (تاکہ یقین و وصل کی دولت پائے)۔پہلا گواہ تو تیرا اپنا شعور ہے۔اپنے آپ کو پہچان لینا تیرا ذاتی نور کہلاتا ہے۔دوسرا گواہ اس شخصیت کا شعور (جو مرشد کامل یا نبی اکرم ﷺ کی ذات گرامی) ہے جس کے نور سے تُو اپنے آپ کو پہچانے گا۔تیسرا گواہ حق تعالیٰ کا شعور ہے تجھے ذات حق کے نور سے اپنے آپ کو پہچاننا ہوگا۔تو اب اگر اس نور کے سامنے پختگی سے رہ گیا تو اپنے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کو خدا کی طرح حیی و قیوم جان لے (یہی تیرا مقام ہے) اس مقام پر پہنچنے کو ہی زندگی کہتے ہیں، اپنی ذات کو بے حجابانہ دیکھنے کو ہی زندگی کہتے ہیں۔ایک مومن صفات کے (آئینوں سے) وابستگی نہیں رکھتا (اسی لئے تو) محمد مصطفیٰ ﷺ سوائے ذات حق کے کسی اور چیز پر راضی نہ ہوئے۔"

حضرت سلطان باھو قدس سرہ‘ کی تعلیم تصوف بھی اسی ارفع مقام کے حصول کے لئے نصاب پیش کرتی ہے جس کے وہ خود حامل بھی ہیں اور معلم بھی ہیں۔ مسلمان متکلمین، صوفیاء اور فلاسفہ کا بغور مطالعہ کرنے سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اسلامی نظام تعلیم کی اساس بالآخران دو حصوں میں منقسم ہے اوّل عقاید دوم تفکر جس میں عمل بھی ہے اور وجدان بھی تفکر میں جملہ علوم و تسخیر کائنات کے رموز موجود ہیں جو پھر دولت وجدان سے ذاتِ حق کے نورانی و روحانی تصور میں اسے اپنے تصرف میں لاتے ہیں۔اسی ضمن میں جلال الدین رومیؒ فرماتے ہیں: (پیام مشرق ص ۲۰۴)

شعلۂ در گیر زد در خس و خاشاک من مرشد رومی کہ گفت! "منزل ما کبریااست"

میرے جسم کے تار و پود میں ایک شعلہ سا لپک گیا جب مرشد رومی نے کہ دیا ہماری منزل تو ذات کبریا ہے۔بس ساری اسی تلاش کی بات ہے جس طرف حضرت باھو قدس سرہ‘ ہمیں رہنمائی کرتے ہیں۔حضرت قدس سرہ‘ دراصل دل کی بات ہی کر رہے ہوتے ہیں: (مثنوی۔دفتر اول)

دل ترا در کوی اھل دل کشد تن ترا در حبسِ آب و گِل کشد

دل تجھے اھل دل کے کوچے کو لے جاتا ہے اور تیرا جسم تجھے پانی اور مٹی (کی بے کیف حالت) کو کھینچتا ہے۔

۲۔<u>خلاصہ مطالب رسالہ شمس العارفین:</u> اس رسالہ شمس العارفین میں راہِ سلوک میں عمل اختیار کرنے، ذکر و فکر، تصور مشق وجودیہ، مراقبہ و مکاشفہ، سہ مراتب فنا، حضوری مجلس محمد مصطفیٰ ﷺ، دعوت قبور، جمعیت، کار رحمانی، دنیا و محشر، تفکر و تخلیق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس میں شک نہیں کہ حضرت قدس سرہ‘ کے کلام میں یہ عنوانات بڑی اہمیت کے حامل ہیں جنہیں سندھ کے دو درویشوں نے آپ کے دیگر رسائل سے جمع کر کے الگ کتاب مرتب کر دی مگر بہت سی دینی، علمی (سائنسی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور فلسفیانہ افکار واطلاعات وھدایات بھی ہیں جو اس مجموعہ میں شامل نہیں ہیں۔ تاہم اس رسالہ کی افادیت کو سامنے لانے کے لئے مندرج اہم نکات کو پیش کیا جاتا ہے تاکہ سمجھنے اور عمل میں لانے کے لئے آگہی حاصل ہو جائے۔ یہ حقیقت طے شدہ ہے کہ اللہ جلشانہٗ نے انسان کو اپنی عبادت و معرفت کے لئے پیدا کیا ہے۔ جس کا دل ذکر خدا سے محروم رہا وہی دنیا میں فکر و فاقہ کا شکار ہو جاتا ہے۔ حقیقت سے آشنا وہی ہوا جو خاک و زر کو ایک نظر سے دیکھے۔ سالک مشکلات راہ میں سید عبدالقادر جیلانیؒ کو رجوع کرے۔ قادری کو اپنے سلوک وطریقہ پر قائم رہنا چاہیئے کسی اور کو رجوع نہ کرے تاکہ فکری مرکزیت میں انتشار نہ آئے۔ فقر لا یحتاج و مستغنی کر دیتا ہے۔ یقین میں پختگی پیشرفت کا زینہ ہے۔ اسماء وآیات کریمہ کے ساتھ موکل ہوتے ہیں جو تیرے لئے معاونت کرتے ہیں۔ معرفت و فقر میں دونوں جہان کی سرفرازی ہے۔ تصور اسم اللہ سے غرق مع اللہ ہونا اور حضوری مجلس محمدی ﷺ سے سرفراز ہونا اصل مقصود ہے۔ روضہ رسول اللہ ﷺ کا دائرہ میں ترتیب دے دینا اور اس میں دعوت کا پڑھنا نہایت اکسیر عمل ہے۔ مشق وجودیہ میں مراتب محبوبیت ہے۔ پاس انفاس سے روحانی خزانہ حاصل ہوتا ہے۔ مراقبہ مجلس خاص محمدی ﷺ میں داخلہ عطا کرتا ہے۔ یہاں قرب اللہ کی معرفت دیدار پروردگار بھی حاصل ہوتا ہے۔ اسی موقع و محل میں مرشد دل کے مشاھدہ میں معاونت بخشتا ہے اور کلمہ طیّب سے فیضان حضوری و دیدار حاصل ہوتا ہے۔ صاحب معرفت تو وہ ہوتا ہے جسے اسماء کا علم، قلم کا علم، بیان القرآن کا علم، فضیلت آدم کا علم، علم معاملہ، علم مکاشفہ ہو اور علم ظاہر و علم باطن اُس کے لئے وا ہو جائیں۔ اسم اللہ عبد اور رب سے حجاب دور کرتا ہے معرفت الٰہی کے لئے علم ظاہر و علم باطن ہر دو لازم ہیں۔ اسم اللہ سے دل جام جہاں نما ہو جاتا ہے۔ ذکر کی چابی اسم اللہ ذات کے تصور سے ہے۔ اھل توحید اور اھل تقلید کے ذکر میں فرق ہے۔ نیکی اختیار کرو جو برائیوں کو دھوڈالتی ہے۔ لوحِ محفوظ پر مرقوم علوم فقیر کے لوح ضمیر پر دکھائی دیتے ہیں۔ پہلے قلب کو روشن تو کرلو۔ اس کے لئے اسمائے الٰہی کو تصور اور تصرف میں لاؤ۔ دل کے گرد روحانی اور نورانی قلعے اسماء اللہ۔ للہ۔ لـــہ ‘۔ ھُو۔ محمد۔ فقر اور کلمہ طیّب کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

موجود ہو جاتے ہیں۔قطب نیم پیر اور غوث مکمل پیر ہوتا ہے۔انسانی وجود میں دریائے توکل، دریائے ترک، دریائے معرفت اور دریائے توحید موجود ہوتے ہیں جو شخص ان چاروں دریاؤں میں غوطہ زن ہو جائے وہی فقیر عارف باللہ ہے۔علم ظاہر میں عبادات اور معاملات ہیں اور علم باطن میں معرفت توحید ہے۔عمل نقش وجود سالک کو ہر مشکل سے باہر لاتا ہے اس کا عامل فقیر با اختیار ہوتا ہے جیسے کہ باھو فنافی ھو ہے۔

مراقبہ دل کی نگہبانی ہے۔اس میں الہام بھی ہے حضوری بھی۔ہزاروں میں کوئی ایک محبوب کے مرتبہ کو پہنچتا ہے۔سلوک میں تین مراتب فنا فی الشیخ، فنا فی الرسول اور فنا فی اللہ ہیں۔ مجلس حضوری میں پہلی تلقین یہی ہوتی ہے کہ تم خلقِ خدا کی خدمت کرو۔حضوری مجلس سات مقامات ازل، ابد، دنیا اور دنیا میں روضہ مبارک میں، حرم کعبہ میں (بالائے فلک اور عرش اکبر پر) دریائے توحید میں ارلامکان میں جس کا بیان ناممکن ہے۔قدم محمدی ﷺ پر قدم رکھنے والا امتی ہوتا ہے۔مجلس محمدی ﷺ میں داخل ہونے والے کو قرب سیدنا ابوبکر صدیقؓ سے کذب ونفاق دور ہو جاتا ہے، قرب سیدنا عمرؓ سے وساوس وخواہشات نفسانی ختم ہو جاتے ہیں، قرب سیدنا عثمانؓ سے بے ادبی اور بےحیائی دور ہو جاتی ہے اور قربِ سیدنا علی المرتضیٰؓ سے جہالت اور حُب دنیا ختم ہو جاتی ہے۔رب جلیل کی حضوری کی دلیل یہ ہے کہ جو بات خیال میں آئے اُسی وقت پوری ہو جائے۔تو دل کو تفکر میں لا تو انتشار سے بچے گا اور دین ودنیا کے مقاصد پاؤ گے۔دعوت پڑھنے کے قابل وہ ہوتا ہے جو عالم عامل اور عارف ہو، رجعت سے محفوظ ہو نفس پر مغرور نہ ہو۔دعوت کے لئے عامل کامل کی اجازت بھی ہو۔دعائے سیفی اولیاء کی قبر کے ساتھ پڑھنے سے زبان سیف ہو جاتی ہے۔دعوت تین امور کے لئے پڑھی جاتی ہے اوّل بادشاہ اسلام کی نصرت کے لئے دوم عوام الناس کے فائدہ کے لئے سوم بیدین واھلِ بدعت کے خاتمہ کے لئے۔اولیاء اللہ کی قبر کا ہمنشین ہو کر ایک رات قرآن پڑھنا چالیس چلوں سے بہتر ہے۔سب سے بہتر سالک وہ ہے جو مخلوق خدا کا بوجھ اُٹھائے اور کسی کو تکلیف نہ دے اور مسلمانوں کے لئے سودمند ہو۔عبادت، ذکر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور ریاضت اس طرح نہ کرو جیسے کوئی رسم و رسوم ہو بلکہ صدق و اخلاص سے کرو۔ طمع، حرص و حسد کا تیرے وجود میں نام تک نہ ہو اور اپنے نفس کی نگہبانی رکھو۔ خدا عدل و احسان کا حکم دیتا ہے اور شیطان مفلسی کا خوف اور بیحیائی کی ترغیب دیتا ہے۔

۳۔ مرتبین پر تحقیق: شمس العارفین کو مرتب کرنے میں خلیفہ صاحبڈنہ لنجار ار مولوی عبدالشکور شیخ کی محنت و کاوش شامل ہے۔ خلیفہ صاحب نے اس کام کی تکمیل اپنے استاد مولوی محمد شریف کی وفات کے بعد کی۔ مولوی محمد شریف کٹبار شریف کے میاں محمد کامل کے چچا تھے اور میاں محمد صدیق محمد پور والا کے مدرسہ کے معلم بھی تھے۔ انہوں نے مرتبہ رسالہ کو پیر سید موسیٰ شاہ جیلانی گھوٹکی (سندھ) والے کو پیش کیا۔ اس سلسلہ میں کتاب عمدۃ الآثار فی تذکار اخبا الکٹبار سے اقتباس، ملاحظہ ہو جو رسالہ شمس العارفین کی تدوین و ترتیب کے بارے میں اصل ماخذ ہے:

"پس بدانکه والد میاں محمد کامل صاحب که باسم محمد جام مسمی بود در حالتِ صغر ازین دارفانی پدرود نموده بود، پس آنجناب نزد خلیفه صاحبڈنه قوم لہنجار که شاگرد عم آنجناب اعنی مولوی محمد شریف صاحب بود و صحبت اخذ فیض باطنی جناب ارشاد مآب سیمرغ قاف قربت و فنا شہباز جوّ محبوبیت و بقا مشہد اسرار رحمان محرم رموز سبحان المتخلق با خلاق الله المتصف باوصاف الغریق فی بحرعین التحقیق مرشدنا و مخدومنا و مولانا مخدوم میاں محمد صدیق صاحب نور الله مرقده' و برد مضجعه میداشت و بعد از وفات استاذ خود بجاءِ او در مدرسه پیر صاحبان تدریس می نمود بتعلیم علم دینی که مورث سعادت دارین است مشتغل گردیدند و خلیفه مذکور و مولوی عبدالشکور قوم شیخ که این ہر دو کتاب شمس العارفین را از رسائل مولفه برہان العاشقین قطب الکاملین سلطان العارفین سلطان باھو قدس الله سره' العزیز انتخاب نموده به پیر موسیٰ شاه جیلانی ساخته اند رعایت از باعث بودنش برادرزاده استاد بسیار از بسیار می نمودند" ص ٦-٥

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ترجمہ اقتباس: ''جان لیجیئے کہ میاں محمد کامل صاحب جن کے والد کا نام محمد جام تھا کم عمری میں ہی اس جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔ پس آنجناب (میاں محمد کامل) خلیفہ صاحبڈ نہ قوم لنجار جو آنجناب کے چچا مولوی محمد شریف کے شاگرد تھے اور جنہیں فیض باطنی کی محبت جناب ارشاد مآب، مرد نایاب بہادر و سخی شہباز جو محبوبیت و بقا جو راز رحمانی کے شاھد اخلاق و اوصاف سے آراستہ غرق بحر تحقیق مرشدنا مولانا مخدوم میاں محمد صدیق صاحب اللہ ان کی قبر کو منور و روشن رکھے سے حاصل تھی، اور استاد کی وفات کے بعد خود اس کی جگہ پر پیر صاحبان کے مدرسہ میں مدرس ہو گئے اور دینی علوم جو سعادت دارین کے باعث ہے میں مشغول ہو گئے، اور خلیفہ مذکور و مولوی عبد الشکور قوم شیخ ان دونوں نے کتاب شمس العارفین کو رسائل مولفہ برہان العاشقین قطب الکاملین سلطان العارفین سلطان باھو قدس اللہ سرہٗ العزیز سے انتخاب کر کے پیر موسیٰ شاہ جیلانی کو تیار کر کے دیا۔ اس کام کا ہو جانا ان کے استاد کے بھتیجے (میاں محمد کامل) کی وجہ سے تکمیل کو پہنچا۔''

اس بیان سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں وہ جب میاں محمد کامل کٹبار شریف والے کا دور تھا جو ۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۳ء سے قبل زندہ تھے تو یقیناً یہ رسالہ منسوب تو موسیٰ شاہ جیلانیؒ کو ہوا مگر وصول کرنے والے خود موسیٰ شاہ جیلانیؒ نہیں ہو سکتے جن کا انتقال ایک سو سال سے زیادہ عرصہ پہلے ۱۱۱۱ھ / ۱۶۹۹ء کو ہو چکا تھا۔ گویا یہ رسالہ ان کے پوتے سیّد جمال شاہ ابن صالح شاہ جیلانی کو پیش ہوا ہوگا جبکہ اس دور میں حضرت سلطان باھو قدس سرہٗ کے سجادہ نشین سوم سلطان حافظ محمد (۱۲۰۲-۱۲۲۴ھ) موجود تھے۔ مناقب سلطانی کے مطابق سلطان حافظ محمد سجادہ نشین نے بتایا کہ سیّد جمال شاہ جیلانی کا دربار شریف زیارت کو آنا انہیں یاد ہے۔ (نسخہ خطی ص ۶۷ مکتوبہ فتح شیر ۱۳۱۹ھ) اس سے واضح ہوتا ہے کہ رسالہ شمس العارفین کی تدوین اور پیشکش سیّد موسیٰ شاہ جیلانیؒ کے لئے ۱۲۰۲ تا ۱۲۲۴ھ کے دوران سید جمال شاہ (ابن سید صالح شاہ ابن سید موسیٰ شاہ جیلانیؒ) کو ہی ہوئی۔ رسالہ مذکورہ کی تدوین و پیشکش کو ۱۲۰۲ھ تا ۱۲۲۴ھ میں اس لئے محدود قرار دے دیا ہے کہ یہی دور سجادہ نشین سوم سلطان حافظ محمد کا ہے جنہوں نے سیّد جمال جیلانی کا ذکر خیر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کیا ہے اور ان کے بعد سجادہ نشین چہارم کے دور میں یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ سیّد جمال جیلانی کا انتقال ہو چکا تھا۔

۳۔تدوین و ترجمہ: رسالہ شمس العارفین کے جن نسخوں کو سامنے رکھ کر اصل متن کی از سرِ نو تدوین کی ہے ان کا تعارف درج ذیل ہے۔

ا۔رسالہ شمس العارفین، کل صفحات ۹۸ مکتوبہ حافظ میاں عبداللہ و گل محمد خلفان (اخلاف) مقتدای الشعراء مرحوم میاں محمد قاسم (ماہ) ذوالحجہ ۱۲۲۵ھ۔ تقطیع ۱/۲ ۱۳x ۱۸ سم ہے۔ ملا خالقداد خلگی ژوب کے ہاں اصل قلمی نسخہ موجود ہے۔

ب۔رسالہ شمس العارفین، کل صفحات ۱۰۳، مکتوبہ سیّد بہادر شاہ ولد فتح شاہ مشہدی قادری سلطانی، (بروز) یوم شنبہ ۱۹ ربیع الثانی ۱۳۳۰ھ تقطیع ۱۱x۲۲ سم ہے۔

ج۔رسالہ شمس العارفین، کل صفحات ۱۱۰، مکتوبہ نا معلوم کتابت سال ۱۲۱۴ھ۔ تقطیع ۱/۲ ۸x ۱۴ سم ہے، مملوکہ قاضی عبدالقادر محمد حسنی ساکن کیچی بیگ، سرآب، کوئٹہ ہے۔

د۔شمس العارفین مطبوعہ متن معہ ترجمہ اردو از سید امیر خان نیازی، جس نے مکتوبہ پیر بہادر شاہ مشہدی (۱۸۰۱ء۔۱۹۳۴ء) کو بطور متن نقل کر کے شائع کرایا۔ سال کتابت اصل متن ندارد ہے۔ اس مطبوعہ نسخہ کا متن بمعہ اردو ترجمہ ۲۱۷ صفحات پر مشتمل ہے۔

ترجمہ کرتے ہوئے کوشش کی گئی ہے کہ اردو ترجمہ سلیس اور بامحاورہ ہو اور کہیں سے بھی معنویت کا عنصر ضائع نہ ہو۔ نقوش وجودی کے خاکوں کو جدید وسائل کمپیوٹر کے فن سے سلطان محمد مشتاق سالم، احمد نعمان اور استاد اسد اقبال نے کام لیتے ہوئے کامیابی اور زیبائی سے نقش کر دیا ہے جن کو کتاب کے آخر میں ان کی اپنی ترتیب کے ساتھ لا دیا ہے۔

مکتوبہ نسخوں میں پیراگراف کی ترتیب میں فرق پایا گیا ہے۔ تاہم ہر نسخہ میں متعلقہ اقتباسات موجود ہیں۔

نسخہ ''د'' میں تحریر ے کہ اس رسالے کے لئے اقتباسات کلید التوحید، قرب دیدار، عقل

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بیدار و مجموع الفضل سے لئے گئے ہیں جبکہ جامع الاسرار، نور الهدیٰ اور فضل اللقاء کا نام نہیں لیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کتابوں کے نام سہواً کتابت سے رہ گئے ہیں۔

ملک چنن الدین فضل الدین ککے زئی کے ترجمہ اردو کو ملاحظہ کیا تو اس کے آخر میں ایک حکایت کا اضافہ ہے اور یہی اضافہ نسخہ ''ج'' جو قاضی عبد القادر محمد حسنی کا مملوکہ نسخہ ہے اس کے فارسی متن میں بھی ملتا ہے۔ ککے زئی کے اردو ترجمہ کو اس لئے اہمیت دی جانی چاہیئے کہ حضرت قدس سرہٗ کے کلام کا اردو ترجمہ سب سے پہلے انہوں نے ہی شروع کیا تھا جو سجادہ نشین سلطان نور احمد و محمد امیر سلطان سے قلمی نسخے طباعت کے لئے لے گئے تھے۔ انہوں نے اصل متن کو تو طبع نہیں کرایا البتہ ان کے تراجم پیش کرنا شروع کر دیئے تھے۔

امید ہے ان تفہیمات، کاوش جدیدہ اور پر حزم تدوین و ترجمہ کے ساتھ یہ رسالہ عوام و خواص، طلباء و محققین، اساتذہ و اھل رشد سب کے لئے یکساں طور پر مفید و سہل ثابت ہوگا۔

۵ ذیقعدہ ۱۴۳۰ھ — سلطان الطاف علی

۲۵ اکتوبر ۲۰۰۹ء — دربار حضرت سلطان باھوؒ۔ جھنگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله الّذی نوّر قلوب العارفین بالهدایت والعرفان و شرح صدور الصادقین بالصدق والایقان والصّلوة و السلام علیٰ رسوله محمد النبی آخر الزمان وعلیٰ آله واصحابه کُلهم صاحب المغفرة والرضوان۔

بعده‘ شروع می کنم بعون الله تعالیٰ این رساله را که انتخاب کرده شد از کتاب کلید التوحید و قرب دیدار و مجموع الفضل و عقل بیدار و جامع الاسرار و نور الهدیٰ و عین النما و فضل اللقا من تضیفات سلطان العارفین شیخنا حضرت سلطان باهو رحمته الله تعالیٰ علیه در علم تصوف و الوصول الی الله الملک المنان از طریقه قادریه علیه الرحمة والمغفرةوالغفران بنام شمس العارفین و مشکل کشا و حضور نما خطاب داده شد۔

باب اول در فضائل خواندن این کتاب و عمل کردن برآن.باب دوم در بیان شروع کردن ذکر و فکر و ترتیب تصور مشق وجودیه و مقامات آن و علاجِ دل سیاه که در و تاثیر اسم الله پیدا نه شود.بابِ سوم در مراقبه و مکاشفه و احوالات آن.باب چهارم فنا فی الشیخ و فنا فی الرسول و فنا فی الله تعالیٰ. باب پنجم در مشرف و ملازم شدن مجلس محمدیﷺ و فضائل آن.باب ششم در ترتیب خواندن دعوت بر اہل قبور که ہمه دعوت ہا اولیٰ و افضل باب ہفتم در متفرقات۔

بدانکه بر طالب مرید قادری فرض عین است که اول این رساله را از ابتدا و انتہا در مطالعه آورده طریق تحقیق کند بعده در باطن باتوفیق بحق رفیق شود.ای عزیز الله تعالیٰ بنده را پیدا کرد از برای عبادت و معرفت و شناس خود.قوله تعالیٰ وَمَا خلقت الجن والانس الاّ لیعبدون.ای لیعرِفُون۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب تعریفیں اللہ جلشانہٗ کے لئے بجالاتا ہوں جس نے عارفوں کے قلوب کو ہدایت و معرفت سے منور کیا اور اپنے سچے (مقربین) کے سینوں کو صدق و یقین سے کشادہ کیا اور درود و سلام ہوں اس کے رسول محمد ﷺ پر جو نبی آخر الزمان ہیں اور (درود و سلام ہوں) ان کی جملہ آل (اہلبیت) اور تمام اصحابہ (کرام) پر جو صاحب مغفرت اور جنت میں آسودہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے مبارک نام سے اس کے بعد اس رسالہ کا آغاز کرتا ہوں جو کتاب کلید التوحید، قرب دیدار و مجموع الفضل، عقل بیدار، جامع الاسرار، نور الھدیٰ و عین نما اور فضل اللقاء جو تصنیفات ہیں ہمارے مرشد سلطان العارفین حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی جن سے یہ منتخبات ہیں۔ جو (رسالے) علم تصوف اور قادر مطلق والاحسان کے حضور میں رسائی کے لئے طریقہ قادریہ میں ہیں جس پر رحمت و بخشش کی عطا ہے ان (منتخبات) کا نام شمس العارفین، مشکل کشا اور حضور نما کے خطاب سے آراستہ کیا ہے۔

باب اول میں اس کتاب کے پڑھنے اور عمل کرنے کی فضیلت کا بیان ہے۔ باب دوم میں ذکر و فکر، تصور مشق وجودیہ کی ترتیب اور ان کے مقام منازل کا بیان ہے نیز ایسے سیاہ دل کے علاج کے لئے جس پر اسم اللہ کی تاثیر نہ ہو۔ باب سوم میں مراقبہ و مکاشفہ اور ان سے متعلق کیفیات کے بارے میں ہے۔ باب چہارم میں فنافی الشیخ، فنافی الرسول اور فنافی اللہ تعالیٰ کا بیان ہے۔ باب پنجم میں مجلس محمدی ﷺ کی حاضری کا شرف حاصل کرنے کے اور اس کی فضیلت کے ضمن میں ہے۔ باب ششم میں اہل قبور پر دعوت پیش کرنے کی ترتیب سے متعلق ہے کیونکہ تمام تر دعوات کو فضیلت حاصل ہے۔ باب ہفتم میں متفرق عنوانات و تفاصیل ہیں۔

واضح رہے کہ طالب مرید قادری پر فرض عین ہے کہ پہلے تو اس رسالہ کو شروع سے آخر تک پڑھے اور اس میں طریقہ کار کو سمجھے۔ اس کے بعد باطن میں حق تعالیٰ کی توفیق کو اپنے شامل حال کرلے۔ اے عزیز! اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی عبادت، معرفت اور شناخت کے لئے پیدا کیا۔ وَمَا خلقت الجن و الانس الا لیعبدون (الذریت ۵۱:۵۶)۔ ای لیعرفُون۔ اللہ تعالیٰ نے جن اور انسان کو عبادت کے لئے پیدا فرمایا یعنی اپنی معرفت کے لئے خلق فرمایا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

باب اوّل: در فضائل خواندن این کتاب و عمل کردن برآن

اگر کسی رانفس سرکش وسرہواموافق ابلیس ومخالف خداباشد بہیچ علاج ازگناہان باز گشت نخورد وہرگزمراجعت بخدانکندودل مرده از غایت غفلت درقید شیطان باشد وزنده نشودوتاثیرذکراسم الله در قلب پیدا نیایدوغریب مظلوم عاجزپریشان محتاج وہلاك ازروزگار دنیاومستحق کثیرالعیال سقیم الاموال طاقت وقوت ندارد ودرفقروفاقه میگزاردآنرا می بایدکه ازین کتاب که دروگنج دین و دنیا تمام است ہر یک گنج ظاہری وباطنی میکند معلوم،خلق خادم اومخدوم وازین ہریک مطالب کلی دریا بدو جمیع خزائن الله در دست آرد ودرعلم تصوف دقیق ازطریق تحقیق می کشاید.ہر که این کتاب را مطالعه آرد وبرآن عمل کند عارف بالله صاحبِ توفیق شود ہمیشه درحضور پرنورمجلس محمدیﷺمشرف باشد وارواح جمیع انبیاء و اولیاء الله با اوملاقات کنند وہیچ چیز پیدا وپنہان ازومخفی نماند.ازین طریق محمدی عطاالله فیض فضل الله ازطریق تحقیق است.این کتاب صاحب ابتدا و انتہا را تمام است.اگر میخواند عالم فاضل صاحب تفسیر ازین کتاب چہار علم دریابد،علمِ کیمیااکسیر،علم و دعوت تکسیر،علم ذکرالله روشنضمیروعلم استغراق با تاثیر صاحبِ نظربر نفس امیر.این کتاب محک است از برای مریدانِ صدیق وطالبان طریق وعارفان تحقیق وواصلان بحق رفیق وعلماء با توفیق وفقیرانِ فنا فی الله غریق بواحدانیت دریا عمیق.ہر که ازین کتاب اسم اعظم وگنج بی رنج نیافت سوال برگردن اووبال بر این وتصرف علمست۔کسیکه باین مراتب رسیده ازتاثیر بر ہفتاد ہزارمراتب ازعرش تاتحت الثریٰ روشن وواضح گرددولوح محفوظبچشم ظاہردوام در

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

باب اوّل: کتاب کا مطالعہ کرنے اور اس پر عمل کرنے میں فضائل

جس شخص کا نفس سرکش ہو اور متکبر ہو تو وہ خدا تعالیٰ کا مخالف اور ابلیس علیہ اللعنت کا موافق ہوتا ہے۔ وہ کسی طریقے سے گناہوں سے نہ رُکے گا اور ہرگز خدا تعالیٰ کی طرف نہ لوٹے گا مردہ دل انتہائی غفلت کی وجہ سے شیطان کی قید میں آجاتا ہے اور زندہ و بیدار نہیں ہوتا۔ ذکر اسم اللہ کی تاثیر اس کے قلب میں پیدا نہیں ہوتی۔ وہ غریب الحال، مظلوم، عاجز، پریشان ومحتاج سا ہو جاتا ہے۔ وہ دنیا میں ہلاکت، کثیر العیالی اور نان نفقہ میں تکالیف کا حامل ہو کر رہ جاتا ہے۔ وہ طاقت وقوت سے محروم ہو کر فقر وفاقہ میں رہنے لگتا ہے۔ اسے چاہیئے کہ اس کتاب سے جو دین و دنیا کے خزائن سے مالا مال ہے، ظاہری اور باطنی خزائن معلوم کرلے۔ مخلوق اس کی خادم اور وہ مخدوم ہو جائے اور اس سے تمامقاصد پالے اور اللہ کے تمام خزانے قابو میں کرلے۔ علم تصوف سے تحقیق کے عمل میں نہایت دقیق (گرہیں) کُھل جاتی ہیں۔ جو کوئی اس کتاب کا مطالعہ کرے گا اور اس پر عمل کرے گا صاحب توفیق عارف باللہ ہو جائے گا۔ وہ ہمیشہ حضور پُرنور کی مجلس سے مشرف ہوگا اور اس سے تمام انبیاء واولیاء اللہ کی روحیں ملاقات کریں گی۔ اُس سے کوئی چیز پنہاں نہیں رہے گی۔ اسی طریقت محمدی اور اللہ تعالیٰ کے عطاوفیض وفضل سے ہی یہ طریق تحقیق ہے۔ یہ کتاب مبتدی ومنتہی دونوں کے لئے ہے۔ ایک عالم فاضل، صاحب تفسیر اس کتاب کے مطالعہ سے چار علوم پالیتا ہے۔ علم کیمیا اکسیر، علم دعوت تکسیر، علم ذکر اللہ روشنضمیر اور علم استغراق با تاثیر۔ وہ صاحب نظر ہو کر اپنے نفس پر قوی ہو جاتا ہے۔ یہ کتاب سچے مریدوں اور طالبان طریقت کے لئے ایک کسوٹی ہے اور اسی طرح طالبان تحقیق اور واصلان حق تعالیٰ وعلمائے باتوفیق وفقیران فنافی اللہ غرق وحدانیتِ دریائے عمیق کے لئے بھی ہے۔ جس کسی نے اس کتاب سے آسانی کے ساتھ اسم اعظم اور خزانہ نہ پایا تو اس کی اپنی گردن پر ہی سوال و وبال آجاتا ہے جو تصرفِ علم کا معاملہ ہے۔ جو کوئی ان مراتب پر رسائی حاصل کرتا ہے تو اس کی تاثیر سے وہ عرش سے تحت الثریٰ تک ستر ہزار مراتب کو روشن اور واضح پالیتا ہے لوح محفوظ کو چشم ظاہر سے، ہمیشہ کے لئے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

مطالعه او باشدواز نظر او خلائق و سیح گردد ماضی و حال و استقبال بکشف و کرامات مینماید.اگر بر دیوارِ خاك یا بر کوه یا بردرخت سوار شود مثل آب بدواند اگر در قبور رود اہل روحانی حاضر شوند و اگر جانب درخت خشک بیند سبز گردد و ہموندم شگوفه برآورده میوه پخته لایق خوردن شود.اگر از زمین آب طلبد زمین بروی آب آورده میدہد.اگر جانب آسمان بنگرد ہموندم ابر شود و باران بیارند ہر قدریکه مردم می خواہند.اگر جانب آب به بیند روغن زرد شود و اگر جانب ریگ نظر کند شکر وشیرین گردد ومانندِ این چیزہا.این مراتب از فقر محمدی(ﷺ)بعید و بی نصیب از معرفت الله تعالیٰ.اینچنین مرشد پیر صاحب نظر باید چون پیر محی الدین پیر من است ہزاران ہزار مریدان و طالبان را بیک نظر بعضی را غرق بمعرفت الاّ الله بعضی را مشرف حضور محمدﷺآورد.این چنین پیر باید گنج بخش بیرنج و بی ریاضت بنظر او دل بذکر الله پاك و نفس چاك و روح پاك موافق رحمٰن ومخالف شیطان.اگر کسی را مشکل پیش آید و بجناب شیخ محی الدین رحمته الله علیه رجوع آوردو بگوید سه بار احضروا بملک الارواح المقدس و الحی الحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی حاضر شود.سه بار کلمه طیب بر دل ضرب زند ہموندم پیر صاحب آمده امداد کند و مشکل را سر انجام رساند.کسی را که عقل و دانش و شعور تمام است که این کتاب بحکم الله و بنظر رحمت الله مرقوم و منظور و به اجازت محمد رسول الله(ﷺ)رقم حضور شده.

سالک را باید که اوّل مرشدی کامل مکمل عالم عامل صاحب شریعت واقف طریقت قادری سروری باشد از ودست بیعت گیرد،بعدهٗ درسلوك درآیدکه ہرطریقه راانتہابابتدای قادری کامل نمیرسد

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مطالعہ میں لاتا ہے اور اس کی نظر سے خاک سونا چاندی ہو جاتی ہے۔ اس کے کشف وکرامات سے ماضی حال و مستقبل ظاہر ہو جاتے ہیں۔ وہ اگر مٹی کی دیوار، پہاڑ یا درخت پر سوار ہ جائے تو وہ پانی کی طرح دوڑنے لگ جائیں۔ وہ اگر قبرستان میں جائے تو تمام روحانی حاضر ہو جائیں۔ خشک درخت کو دیکھے تو وہ سبز ہو جائے اور اسی وقت شگوفہ پیدا ہو اور کھانے کے قابل پختہ میوہ ہو جائے۔ اگر وہ زمین سے پانی طلب کرے تو زمین سے پانی نکل آئے۔ اگر وہ آسمان کی طرف نگاہ کرے تو اسی وقت بادل چھا جائیں، بارش ہونے لگے اسقدر جتنی کہ لوگ تمنا کریں۔ پانی پر نگاہ ڈالے تو گھی ہو جائے، ریت شکر وشیرین ہو جائے۔ مگر یہ مراتب فقر محمدی ﷺ سے دور ہیں اللہ کی معرفت سے وہ محروم ہوتے ہیں۔ ایسے مرشد کو صاحب نظر پیر ہونا چاہیئے۔ جب پیر محی الدین میرا پیر ہے، ہزاروں مریدین کو ایک نظر سے اور مومنوں کو اللہ کی معرفت سے استغراق بخشتا ہے بعضوں کو محمد رسول اللہ ﷺ کی حضوری سے مشرف کرا دیتا ہے۔ ایسا پیر گنج بخش، بیرنج وریاضت اپنی نظر سے اللہ پاک کے ذکر سے دل کو محو، نفس کو ہلاک کر دیتا ہے اور روح کو رحمٰن کی موافقت میں پاک اور شیطان کی مخالفت میں کر لیتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو تو وہ جناب شیخ محی الدینؒ کی طرف رجوع کرے اور تین بار کہے، احضر والملک الارواح المقدس والحی الحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی حاضر ہو جائیں۔ وہ تین بار دل پر کلمہ طیب کی ضرب لگائے تو اسی وقت پیر صاحب آ کر مدد فرمائیں گے اور مشکل کو سرانجام دیں۔ جس کسی کو عقل، دانش وشعور حاصل ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کے حکم اور اسکی رحمت سے لکھی گئی ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اجازت ومنظوری سے رقم ہوئی ہے۔

مرشد قادری سالک کو چاہیئے کہ وہ پہلے کامل ومکمل، عالم وعامل صاحب شریعت اور واقف طریقت قادری سروری مرشد کے ہاتھ پر بیعت کر لے اس کے بعد وہ سلوک میں داخل ہو۔ کیونکہ ہر طریقہ کی انتہا طریقہ قادری کی ابتدا کو نہیں پہنچ پاتی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مطالعه او باشدواز نظر او خاك زر و سیم گردد ماضی و حال و استقبال بکشف و کرامات مینماید.اگر بر دیوارِ خاك یا برکوه یا بردرخت سوار شود مثل آب بدواند اگر در قبور رود اہل روحانی حاضر شوند و اگر جانب درخت خشک بیند سبز گردد و ہموندم شگوفه برآورده میوه پخته لایق خوردن شود.اگر از زمین آب طلبد زمین بروی آب آورده میدہد.اگر جانب آسمان بنگرد ہموندم ابر شود و باران بیارند ہر قدریکه مردم می خواہند.اگر جانب آب به بیند روغن زرد شود و اگر جانب ریگ نظر کند شکر وشیرین گردد ومانندِ این چیزہا.این مراتب از فقر محمدی(ﷺ)بعید و بی نصیب از معرفت الله تعالیٰ.اینچنین مرشد پیر صاحب نظر باید چون پیر محی الدین پیر من است ہزاراں ہزار مریدان و طالبان را بیک نظر بعضی را غرق بمعرفت الاّ الله بعضی را مشرف حضور محمدﷺآورد.این چنین پیر باید گنج بخش بیرنج و بی ریاضت بنظر او دل بذکر الله پاك و نفس چاك و روح پاك موافق رحمٰن ومخالف شیطان.اگر کسی را مشکل پیش آید و بجناب شیخ محی الدین رحمته الله علیه رجوع آوردو بگوید سه بار احضروا بملک الارواح المقدس و الحی الحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی حاضر شود.سه بار کلمه طیب بر دل ضرب زند ہموندم پیر صاحب آمده امداد کند و مشکل را سر انجام رساند.کسی را که عقل و دانش و شعور تمام است که این کتاب بحکم الله و بنظرِ رحمت الله مرقوم و منظور و به اجازت محمد رسول الله(ﷺ)رقم حضور شده.

سالک را باید که اوّل مرشدی کامل مکمل عالم عامل صاحب شریعت واقف طریقت قادری سروری باشد از ودست بیعت گیرد،بعده‘ درسلوك درآیدکه ہرطریقه راانتہاباابتدای قادری کامل نمیرسد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مطالعہ میں لاتا ہے اور اس کی نظر سے خاک سونا چاندی ہو جاتی ہے۔ اس کے کشف و کرامات سے ماضی حال و مستقبل ظاہر ہو جاتے ہیں۔ وہ اگر مٹی کی دیوار، پہاڑ یا درخت پر سوارہ جائے تو وہ پانی کی طرح دوڑنے لگ جائیں۔ وہ اگر قبرستان میں جائے تو تمام روحانی حاضر ہو جائیں۔ خشک درخت کو دیکھے تو وہ سبز ہو جائے اور اسی وقت شگوفہ پیدا ہو اور کھانے کے قابل پختہ میوہ ہو جائے۔ اگر وہ زمین سے پانی طلب کرے تو زمین سے پانی نکل آئے۔ اگر وہ آسمان کی طرف نگاہ کرے تو اسی وقت بادل چھا جائیں، بارش ہونے لگے اسقدر جتنی کہ لوگ تمنا کریں۔ پانی پر نگاہ ڈالے تو گھی ہو جائے، ریت شکر وشیرین ہو جائے۔ مگر یہ مراتب فقر محمدی ﷺ سے دور ہیں اللہ کی معرفت سے وہ محروم ہوتے ہیں۔ ایسے مرشد کو صاحب نظر پیر ہونا چاہیئے۔ جب پیر محی الدین میرا پیر ہے، ہزاروں مریدین کو ایک نظر سے اور مومنوں کو اللہ کی معرفت سے استغراق بخشتا ہے بعضوں کو محمد رسول اللہ ﷺ کی حضوری سے مشرف کرا دیتا ہے۔ ایسا پیر گنج بخش، بیرنج وریاضت اپنی نظر سے اللہ پاک کے ذکر سے دل کو محو، نفس کو ھلاک کر دیتا ہے اور روح کو رحمٰن کی موافقت میں پاک اور شیطان کی مخالفت میں کر لیتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو تو وہ جناب شیخ محی الدینؒ کی طرف رجوع کرے اور تین بار کہے، احضروالملک الارواح المقدس والحی الحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی حاضر ہو جائیں۔ وہ تین بار دل پر کلمہ طیب کی ضرب لگائے تو اسی وقت پیر صاحب آ کر مدد فرمائیں گے اور مشکل کو سرانجام دیں۔ جس کسی کو عقل، دانش و شعور حاصل ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کے حکم اور اسکی رحمت سے لکھی گئی ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اجازت و منظوری سے رقم ہوئی ہے۔

مرشد قادری سالک کو چاہیئے کہ وہ پہلے کامل و مکمل، عالم و عامل صاحب شریعت اور واقف طریقت قادری سروری مرشد کے ہاتھ پر بیعت کر لے اس کے بعد وہ سلوک میں داخل ہو۔ کیونکہ ہر طریقہ کی انتہا طریقہ قادری کی ابتدا کو نہیں پہنچ پاتی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اگرچه تمام عمر بریاضت سنگ برسرزند. مرشد قادری جامع است مجمل ظاہر و باطن باشتغال ذکر و فکر است و در طریقه قادری قرب معرفت الاالله و حضوری مجلس محمدی با وصال است. المطلب آنکه درحین حیات از کفروشرك نجات عارف بالله متبرکات قدرت سبحانی محبوب ربانی پیر دستگیر حضرت شاه عبدالقادر جیلانی قدس الله سره' پنج ہزار طالبان و مریدان خودرا ہر روز سه ہزار در معرفت نور غرق بمشاہده می بردند در وحدانیت الا الله که این ہر سه ہزار بمراتب "اذا اتم الفقر فهو الله" رسیدند و دو ہزار داخل ومشرف مجلس محمدیﷺ می بردند. این چنین مسلک سلوك حضوری بتوجه باطنی حاضرات اسم الله ذات و با کلمه طیبات ذکر ضرب ذوق و سخاوت تصور و تصرف در طریقه قادری ازیکدیگر تا قیامت باز نماند مثل آفتاب روشنی طلوع تابش ہر دو جہان واضح و فیض بر میگیرند. قطعه:

کیمیای گنج مفلس را نمود ہر کرا عقل اشت حاصل کرد زود
اسم اعظم انتہا باہو بود ورد باہو روز شب یاہو بود
بی بصر باشد. که بیند آفتاب * کوراز خورشید دارد صد حجاب

بدانکه قادری را فتح از قادر است. قادری که با طریقه دیگر رجوع آرد اہل گناه گمراه بی برکت و مراتب او زود سلب شود. اما سالک را مرشد گرفتن ضرور است. شغلی که بغیر مرشد کند طالب الله را، ہیچ فایده و نتیجه ندارد و بمقام منزل نرسد. قوله' تعالیٰ یا ایها الذین آمنوااتقو الله و ابتغوالیه الوسیلة. و در حدیث وارد است الرفیق ثم الطریق اگر مرشد کامل قادری پیدانمیشود لازم که این کتاب شب و روز در مطالعه دارد و باخلاص خواند و یقین صادق آرد تا آنرا مجلس محمدیﷺ دست دهد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اگر چہ وہ پوری زندگی ریاضت میں سر پتھر سے ٹکراتے پھریں۔ مرشد قادری جامع و مکمل ہوتا ہے ظاہر و باطن میں وہ ذکر و فکر میں مشغول رہتا ہے۔ طریقہ قادری میں الا اللہ کی معرفت کا قرب اور مجلس محمدی ﷺ کی حضوری کا وصال حاصل رہتا ہے۔ یعنی زندگی کے اندر ہی وہ کفر و شرک سے نجات پالیتا ہے، عارف باللہ کی برکات سے مستجاب ہوتا ہے۔ قدرت سبحانی ہے کہ محبوب ربانی پیر دستگیر حضرت شاہ عبد القادر جیلانیؒ اپنے پانچ ہزار طالبان و مریدین میں روزانہ تین ہزار معرفت نور میں غرق و محو مشاہدہ کر دیتے ہیں۔ الا اللہ کی وحدانیت میں یہ تین ہزار مراتب ''جب فقر اپنے انتہا کو پہنچا تو وہیں اللہ ہے۔'' کو پہنچتے ہیں تو دو ہزار (مراتب) مجلس محمدی ﷺ کو پہنچ جانے کا شرف پاتے ہیں۔ اس قسم کا سلوک حضوری اسم اللہ ذات کے باطنی توجہ سے اور کلمہ طیبات کے ذکر و ضرب سے ذوق اور سخاوت تصور و تصرف سے جو قادری طریقہ میں رہ جاتے ہیں جب تک نہ آئے وہ آفتاب کی روشنی کی طرح جو طلوع کے وقت اپنی تابانی دونوں جہان میں آشکار کرتا ہے فیض عطا کرتے ہیں۔ قطعہ:

مفلس کو خزانے کا کیمیا دکھا دیا　　جسے عقل ہے وہ جلد حاصل کر لیتا ہے
اسم اعظم انتہائے کار باھو ہو جاتا ہے　　دن رات باھو کا ورد یاھو کا پہنچاتا ہے
جو کوئی آفتاب پر نظر رکھتا ہے اندھا ہو جاتا ہے　　اندھے کو سورج سے سنکڑوں حجاب ہیں

جان لیجئے کہ قادری کو قادر سے ہی فتح حاصل ہے۔ اگر کوئی قادری کسی دوسرے طریقہ کو رجوع کر لیتا ہے وہ گناہ میں پڑ کر گمراہ و بے برکت ہو جاتا ہے اور اس کے مراتب سلب ہو جاتے ہیں۔ البتہ سالک کے لئے مرشد حاصل کرنا ضروری ہے۔ طالب اللہ جو بھی شغل مرشد کے بغیر اختیار کرتا ہے اسے اس میں فائدہ نہیں ملتا اور نہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے اور وہ مقام و منزل تک نہیں پہنچتا۔ فرمان الٰہی: اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور تلاش کرو اس تک کوئی وسیلہ (المائدہ ۵:۳۵) اور حدیث میں وارد ہے۔ سفر میں رفیق ہوتا ہے **کتاب بمنزلہ مرشد**۔ اگر مرشد کامل قادری میسر نہ ہو تو پھر اس کتاب کو دن رات مطالعہ میں رکھے اور اخلاص سے پڑھے، یقین صادق کر لے جب تک کہ اسے مجلس محمدی ﷺ ہاتھ نہ لگ جائے،

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

و سر اسرار الٰہی بروی کشف گردد واز و ہیچ چیز آنچہ "فی السمٰوٰت والارض" است مخفی نماند۔خواننده این کتاب عارف الحق و رہنمای خلق شود۔ہر کہ محتاج این مرقوم را خواند اولیاء لا یحتاج گردد۔اگر مفلس خواند غنی گردد و پریشان حال صاحب جمعیت گردد۔ہر کہ این کتاب را از ابتدا تا انتہا خواند آنرا احتیاج دست بیعت ظاہر مرشد نماند۔اگر صاحب رجعت خواند از رجعت خلاص شود۔اگر مرده دل خواند زنده دل شود۔اگر جاہل خواند عالم علوم کشف احوالات حی وقیوم رسد حقیقت ماضی حال و مستقبل معلوم کند۔مثنوی:

اصل یقین است یقین یار کن　　محرم اسرار شوی ناز کن

اصل یقین است یقین مصطفیٰ　　اصل یقین است یقین مرتضیٰ

اصل یقین است یقین گر شود　　کار تو از ہفت فلک بگزرد

المطلب آنکہ مرشد کامل را باید کہ طالب اللہ را اول بشروع تصور اسم اللہ ذات بمرتبہ نور فی اللہ مشرف دیدار حضور رساند کہ طالب اللہ را احتیاج ریاضت خلوت و چلہ نماند۔اہل حضور لا یحتاج را چہ احتیاج کہ ورد وظائف دعوت خواند۔آدمی از قید نفس و شیطان ہر گز خلاص نشود واز دنیا دل سرد نگردد تا آنکہ مرشد کامل نگیرد و باسم اللہ ذات متبرکات مشغول نگردد واز تصور اسم اللہ ذکر غرق ربوبیت نور کشاید۔طالب اللہ رأ ہر مطالب از نور حضور نماید و از ظاہر و باطن لوح محفوظ در لوح ضمیر در آید و از حاضرات تصور کلمہ لا الہ الااللہ محمد رسول اللہﷺذکر پاکی غیبی کشاید طالب اللہ را در ہر دو جہان بہره بخشد با مطلب بہره ور نماید۔

مرشد کامل طالب صادق را ازین ہفت کلید بر ہر ہفت قفل حاضرات می کشایدبریکدم ویایک قدم طالبان رابہ مطالب ومقصودہردوجہان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اور خدا تعالیٰ کے اسرار اس پر نہ کھل جائیں اور اس سے کوئی چیز زمین و آسمان میں مخفی نہ رہے۔ اس کتاب کا پڑھنے والا حق تعالیٰ کا عارف اور خلق خدا کا رہنما ہو جاتا ہے۔ جو سائل اس وثیقہ کو پڑھ لے وہ لا یحتاج اولیاء کے درجہ پر آ جاتا ہے۔ اگر مفلس پڑھے گا تو وہ غنی ہو جائے گا اور پریشان حال کو جمعیت حاصل ہو جاتی ہے۔ جو شخص اس کتاب کو اول سے آخر تک پڑھے گا اسے ظاہری مرشد سے دست بیعت کی ضرورت نہیں رہتی۔ اگر کوئی رجعت خوردہ پڑھے گا اسے نجات مل جائے گی اگر مردہ دل پڑھ لے تو وہ زندہ دل ہو جائے گا۔ اگر جاہل پڑھ لے وہ کشف احوالات کے علوم کا عالم ہو کر حیی و قیوم کو رسائی کر لے۔ وہ ماضی حال و مستقبل کی حقیقت پا لیتے ہیں۔ مثنوی:

اے دوست یقین حاصل کر کہ یقین ہی اصل چیز ہے   تو اس سے محرم اسرار ہو گا اور ناز کر
اصل یقین وہ ہے جو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا   اصل یقین وہ ہے جو مرتضیٰ کو حاصل ہوا
گویا اصل چیز یقین ہی ہے جو تجھے اگر حاصل ہو جائے   تو تیرا مقصود سات آسمانوں سے آگے چلا جائے

تصور اسم اللہ کا مطلب یہ ہے کہ کامل مرشد کو چاہیئے کہ اللہ کے طالب کو پہلے اسم اللہ ذات کے تصور میں نور اللہ کے مرتبہ سے مشرف دیدار کرائے تا کہ اللہ کے طالب کو خلوت و چلّہ کی ریاضت کا احتیاج نہ رہے۔ اہل حضور لا یحتاج ہوتا ہے اسے کیا ضرورت کہ ورد و ظائف پیش کریں۔ انسان نفس و شیطان کی قید سے چھٹکارا نہیں پا سکتا اور دنیا سے بھی اس کے رجوع کی کمی نہیں ہو سکتی جب تک کامل مرشد کو حاصل نہ کر لے اور اسم اللہ ذات کی برکات سے مشغول نہیں ہوتا اور اسم اللہ کے تصور سے ذکر کے استغراق میں تا وقتیکہ نور حاصل نہ ہو۔ اللہ کے طالب کو تمام مطالب نور حضور سے ملتے ہیں اور اس کے ظاہر و باطن میں لوحِ محفوظ اس کے لوحِ ضمیر میں داخل ہو جاتا ہے۔ کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضرات کے تصور سے ذکر پاک غیب سے کھلنا شروع ہو جاتا ہے اس سے اللہ کے طالب کو دونوں جہان سے حصہ ملتا ہے اور مقصد سے بہرہ ور ہو جاتا ہے۔

صفت تصرف: کامل مرشد طالب صادق کو اس طرح حاضرات کے سات قفل کی چابیاں عطا کر کے کھول دیتا ہے۔ ایک قدم اور ایک لمحہ میں دونوں جہان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بنماید آنچه تصرف ظاہری و تصرف باطنی وتصرف ازلی و تصرف ابدی و تصرف دنیا و عقبیٰ و تصرف غرق فنا فی الله مولیٰ و تصرف توحید معرفت از ہر مراتب و قرب اعلیٰ و اولیٰ این چنین را بی ریاضت و گنج بی رنج مرشد قادری سروری کامل اکمل جامع مجموع الفضل می دهاند.ای عزیز!الله تعالیٰ فقیران صاحب حاضرات اسم الله ذات را چنان قوت بخشیده است که اگر خواہند موکلان شروحاً علم کیمیا و یا آنکه سگِ پارس که به آہن چسبد زرِسرخ گردد و موکلان از غیب الغیب برکت کلام اسم اعظم بدست آورده میدہند لیکن فقیران اہل الله که دوام استغراق مع الله ظاہر چنان دل غنی و در باطن مجلس نبی علیه الصلوة والسلام که مرتبه موکل مراتب تمامیت دنیا جانبِ کیمیا و سنگ پارس به گوشه چشم نه نگرند اگرچه از فقر و فاقه خون جگر خورند.واتبعناهم فی هٰذِه الدنیا لعنةً۔

ذانی که از حضرت پیغمبر ﷺ اصحابان و یاران پرسیدند که یا حضرت کدام چیز بہتر است که قرب الله تعالیٰ رساند"فی الدنیا والآخرة" و کدام چیز بہتر است که از حضرت حق سبحانهٗ و تعالی بعد و دوری دہد"فی الدنیا والآخرة"که موجب ذلت است از زبان مبارك فرمودند که دوست دارید معرفت الله و فقر را که ازین ہر دو نعمت سرفرازی و فخر دارین است و نبیند بسوی دنیا مگر با حقارت که این متاع شیطان است۔

ای عزیز آدمی را باعمال ظاہر دل طاہر نگرددواز نفاق بیرون نبر آید تا آنکه آتش مشق اسم الله ذات نسوزد دل از زنگار خلاص نشود و با ذکر خاص اخلاص نپزیرد وبغیر از ذکر دل ہر گز زنده نشود و نفس ہر گز نه میرد اگرچه تمام عمر تلاوت قرآن و مسلئه فقه خواند

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کے مقاصد طالبوں کو ظاہر کر دیتا ہے۔ وہ جو کچھ تصرف ظاہری، تصرف باطنی، تصرف ازلی، تصرف ابدی، تصرف دنیا و عقبیٰ، تصرف غرق فنا فی اللہ اور تصرف توحید معرفت سے ہے۔ تمام مراتب قرب واعلیٰ مدارج کے ساتھ بغیر ریاضت ومشقت کے مرشد قادری سروری کامل اکمل جامع مجموع الفضل اسے عطا کرا دیتا ہے۔

حاضرات اسم اللہ: اے عزیز! اللہ تعالیٰ نے اسم اللہ ذات کے حاضرات کے فقیروں کو ایسی قوت عطا کی ہے کہ وہ اگر چاہیں تو موکل علم کیمیا یا سنگ پارس جو لوہے سے چسپ ہو کر اسے سونا بنا دے اور غیب الغیب سے موکل اسم اعظم کے کلام کی برکت اسے عطا کر دیں مگر اہل اللہ فقیر جو ہمیشہ مستغرق فی ذات ہیں جو ظاہر میں غنی دل اور باطن میں مجلس نبوی ﷺ میں ہوتے ہیں موکل کے مراتب دنیوی کو جو کیمیا اور سنگ پارس کے ہوں آنکھ کے ایک گوشہ سے دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے اگر چہ وہ فقر و فاقہ میں خون جگر نوش کر رہے ہوں۔ دنیا کا اتباع کرنے والوں پر لعنت ہو۔

فقر و معرفت: تو جان لے کہ حضرت پیغمبر ﷺ سے اصحابہ و دوستوں نے دریافت کیا کہ قرب اللہ تعالیٰ کے لئے کون سی چیز بہتر ہے دنیا و آخرت میں اور کون سی چیز بُری ہے دنیا و آخرت میں جو حضرت حق سبحانہ سے دوری کر دیتی ہے اور ذلت کا باعث ہو جاتی ہے تو آنحضور ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کی معرفت اور فقر سے دوستی رکھو کیونکہ دو نعمتوں میں ہی دونوں جہان کے اندر سرفرازی اور بلندی ملتی ہے اور دنیا کی طرف سوائے حقارت کے نہ دیکھو کیونکہ یہ شیطان کی متاع ہے۔

استغراق اور حضوری: اے عزیز! محض ظاہری اعمال سے دل پاک نہیں ہوتا اور نہ نفاق سے آزاد ہوتا ہے جب تک اسے مشق اسم اللہ ذات کی آگ نہ جلا دے۔ دل زنگار سے بھی نہیں بچتا اور نہ دل ذکر خاص میں اخلاص حاصل کرتا ہے۔ ذکر کے بغیر دل ہرگز زندہ نہیں ہوتا اور نہ نفس مرتا ہے اگر چہ آدمی تمام عمر تلاوت قرآن کرے اور مسائل فقہ پڑھتا رہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

و یا بسیار زہد و ریاضت کند و کوز پشت شود چون موئی باریک گردد ہمچنان دل سیاہ ماند،بغیر از مشق تصور اسم اللہ ذات ہیچ فائدہ ندارداگرچہ سر بسنگ ریاضت زند۔ومشق تصور اسم اللّٰہ ذات کنندہ معشوق بی مشقت ومحبوب بی محنت آن مراتب مرغوب است۔اگر کسی زمین را طی کند و بزیر قدم او نیم گام شود ومدام پنجوقت نماز بخانہ کعبہ باسنت جماعت میخواند و یا ہمیشہ ہم صحبت مہتر خضر علیہ السلام دارد و مقابلہ علم کند و از حضرت آدم تا خاتم النبین صلٰوت اللہ علیہم اجمعین واز خاتم النبین تا بروز جزا بہر یک ارواح انبیاء و اولیاء اللہ صاحبِ مراتب مومن مسلمان دست مصافحہ کند و ملاقات مجلس بود و ہر یک ارواح را نام بداند و بہ شناسد و آنچہ بروئی زمین صاحب ورد وظائف است اہل دعوت و حافظ تلاوت قرآن مجید کہ شب و روز بہ طہارت میخواند یا شخصی تمام دنیا بدست آرد و شب و روز تصرف کند فی سبیل اللہ و سخاوت کند ونافع المسلمین باشد ازین ہمہ چیز بہتر است کہ در تصور اسم اللہ ذات غرق شدن و ملازم شرف مجلس سرور کائنات بودن۔

باید دانست بندہ را کہ از ذکر خدایک دم نہ باشد جدا۔الانفاس معدودة" وَّ کلُّ نفسٍ یخرج بغیرِ ذکر اللہ تعالیٰ فَھُوَ میّت"۔

مثنوی:

ہر کہ دیوانہ شود باذکر حق زیر پایش عرش و کرسی ہر طبق
ہر کہ غافل میشود ذکر از خدا نفس فربہ میشود کفر از ریا

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri.

Collection Of Advocate Showkat

